**12.11.2024**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

Music

..........................................................................

1۔ جھارکھنڈ کے 43 اسمبلی حلقوں میں کل پہلے مرحلے کی پولنگ ہوگی۔ گیارہ ریاستوں کے 33 اسمبلی حلقوں میں ضمنی انتخابات بھی کل ہوں گے۔

2۔ وزارت داخلہ نے CISF کی، پوری طرح خواتین پر مشتمل پہلی بٹالین قائم کرنے کی منظوری دے دی ہے۔

3۔ DRDO نے طویل دوری کے، زمین پر وار کرنے والے کروز میزائل کی پرواز کا پہلا تجربہ کیا ہے۔

4۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے 18ویں پرواسی بھارتیہ دِوَس کی ویب سائٹ کا اجرا کیا ہے۔ یہ دن اگلے سال جنوری میں منایا جائے گا۔

5۔ سرکاری شعبوں کے بینکوں نے رواں مالی سال کی پہلی ششماہی میں گیارہ فیصد ترقی کرکے مضبوط کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔

6۔ اور بہار کے شہر راجگیر میں خواتین کی ایشیائی ہاکی چمپئنز ٹرافی میں بھارت نے لگاتار دوسری بار کامیابی حاصل کی ہے۔ اُس نے جنوبی کوریا کو ایک سنسنی خیز میچ میں تین-دو سے شکست دی۔

..........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***Jharkhand-Elec***

جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کے لیے سکیورٹی کے وسیع انتظامات کیے گئے ہیں۔ کل ہونے والے اس مرحلے میں 43 حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ پولنگ صبح 7 بجے شروع ہوگی اور شام پانچ بجے تک جاری رہے گی جبکہ 31 حلقوں کے 954 حساس پولنگ مراکز پر ووٹنگ کا عمل سہ پہر چار بجے تک جاری رہے گا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C---Sjanjeev Sharma

چناؤ کو آزادانہ اور منصفانہ طور پر کرائے جانے کو یقینی بنانے کے لیے ہر ایک پولنگ مرکز پر مرکزی نیم فوجی دستوں کے جوان تعینات کیے گئے ہیں۔ اعلیٰ انتخابی افسر کے-روی کمار نے بتایا کہ انتخابات پُر امن طریقے سے کرائے جانے کو یقینی بنانے کے لیے خاطر خواہ اقدامات کیے گئے ہیں۔

S/B ---- K Ravi Kumar

رائے دہندگان کی حوصلہ افزائی کے لیے حساس علاقوں میں فلیگ مارچ کیا گیا۔ضلعی سرحدوں کو سیل کر دیا گیا ہے۔ اترپردیش، بہار، مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ اور اوڈیشہ کے سرحدی علاقوں میں نکسلی سرگرمیوں پر نگرانی کے لیے ایک مشترکہ کارروائی شروع کی گئی ہے۔کسی بھی ناگہانی واقعہ سے نمٹنے کے لیے ہیلی کاپٹر کی خدمات بھی لی گئی ہیں۔

آکاشوانی رانچی سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے اسلم بیگ

ایک کروڑ 37 لاکھ سے زیادہ رائے دہندگان 73 خواتین سمیت 683 امیدواروں کی سیاسی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔×

## By-Polls

11 ریاستوں کے 33 اسمبلی حلقوں میں کل ہونے والے ضمنی انتخابات کے لیے تیاریاں مکمل ہو گئی ہیں۔ ان میں راجستھان میں 7 سیٹیں، مغربی بنگال میں 6، آسام میں 5 سیٹیں، بہار میں 4، کرناٹک میں 3، مدھیہ پردیش اور سکم میں دو-دو سیٹیں شامل ہیں۔ اس کے علاوہ کیرالہ، چھتیس گڑھ، گجرات، میگھالیہ کی بھی ایک-ایک سیٹ پر اسمبلی ضمنی انتخابات ہوں گے۔ اس کے علاوہ کیرالہ کی Wayaad پارلیمانی سیٹ کے ضمنی چناؤ کے لیے بھی کل ووٹ ڈالے جائیں گے۔×

## Maharashtra Campaigning

مہاراشٹر میں اسمبلی انتخابات کے لیے مختلف سیاسی پارٹیوں کے لیڈروں کے ذریعے ووٹروں کو راغب کرنے کی غرض سے کوئی کسر باقی نہ رکھنے کے ساتھ ہی چناؤ مہم میں مزید تیزی آ گئی ہے۔ BJP کے سینئر لیڈر اور وزیر اعظم نریندر مودی نے آج مہاراشٹر کے شولاپور میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کیا۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کانگریس پر الزام لگایا کہ وہ ریزرویشن پالیسی کو زک پہنچانے کی کوشش کر رہی ہے اور دلتوں، قبائلی اور دیگر پسماندہ ذاتوں کے درمیان اختلاف پیدا کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔

S/B - 2100 PM Chimur Vikas

جناب مودی نے کہا کہ Mahayuti سرکار خواتین کی بہبود پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے مکھیہ منتری ماجھی لڑکی بہن یوجنا جیسے مختلف اقداماتکا آغاز کر رہی ہے، نیز کسانوں کی بہبود کے لیے بھی کام کر رہی ہے۔ اس دوران Buldhana کے Chikhli علاقے میں راہل گاندھی کی طے شدہ ریلی کو ان کے طیارے میں تکنیکی خرابی کے سبب منسوخ کرنا پڑا۔ پارلیمانی رکن سوپریہ سولے نے MVA کے امیدواروں کی حمایت میں Gadchiroli کے Aheri علاقے میں ایک ریلی سے خطاب کیا۔×

## PM Bihar

وزیر اعظم نریندر مودی کل بہار کا دورہ کریں گے، جہاں وہ ایمز دربھنگہ کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔ بہار میں،

پٹنہ کے بعد یہ دوسرا ایمز ہوگا۔وزیر اعظم اِس موقع پر بہت سے ریل پروجیکٹ بھی ملک کے نام وقف کریں گے۔ وزیر اعظم دربھنگہ سے بہت سے ریل پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگ بنیاد رکھیں گے، جن میں جھانجھر پور-لوکاہا ریل سیکشن بھی شامل ہے۔ جسے 523 کروڑ روپے کی لاگت سے تیار کیا گیا ہے۔ وزیر اعظم Shisho Halt- کاکرگھاٹی دربھنگہ بائی پاس ریل لائن، کمار باغ - چَن پٹیا - ساٹھی ریل سیکشن اور ہری نگر بھیرو گنج ریل سیکشن بھی شامل ہیں۔وہ Sone Nagar بائی پاس ریل لائن کا بھی سنگ بنیاد رکھیں گے جو 224 کروڑ روپے کی لاگت سے مکمل ہوگا۔

## Prez-UT Visit

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج 3 روزہ دورے پر مرکز کے زیر انتظام علاقوں دادر اور ناگر حویلی اور Daman اور Diu پہنچیں۔ انہوں نے Jampore میں Aviary اور Daman میں Government Engineering College اور NIFT Campus کا دورہ کیا۔ صدر جمہوریہ کل Silvassa میں Namo Medical Education and Research Institute کا دورہ کریں گی اور انسٹی ٹیوٹ کے طلبا اور فیکلٹی ممبران سے تبادلۂ خیال کریں گی۔اس کے بعد وہ Zanda Chowk School کا بھی افتتاح کریں گی اور Silvassa میں عوامی تقریب سے خطاب کریں گی۔ وہ Diu میں INS Khukri Memorial کا بھی دورہ کریں گے۔×

## Vice Presi-MP

نائب صدر جگدیپ دھنکڑ نے آج مدھیہ پردیش کے اُجین میں 66 ویں آل انڈیا کالی داس سماروہ کا افتتاح کیا۔ تقریب میں گورنر منگو بھائی پٹیل اور وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو بھی موجود تھے۔ پروگرام کے دوران کالی داس النکارن سمّان برائے 2022-23 بھی عطا کیا گیا۔ 4 زمروں میں 8 دانشوروں کی عزت افزائی کی گئی۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے نائب صدر نے کہا کہ کالی داس سمّان بھارتیہ ثقافت کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔

S/B - Vice President

یہ تقریب 18 نومبر تک جاری رہے گی۔ اس میں مہا کوی کالی داس کے تخلیقی کاموں نیز مختلف دیگر موضوعات پر تبادلۂ خیال کے اجلاس بھی پیش کیے جائیں گے۔×

## CISF Woment

وزارتِ داخلہ نے اپنے ایک اہم فیصلے میں CISF کی وہ پہلی بٹالین قائم کرنے کی منظوری دے دی ہے جس کی سبھی ارکان خواتین ہوں گی۔ اِس کا مقصد خواتین کو بااختیار بنانا اور قومی سلامتی میں اُن کے رول کو فروغ دینا ہے۔ فوج میں پوری طرح خواتین پر مشتمل بٹالینوں کی تخلیق کی تجویز، CISF کے 53ویں دن کے موقع پر وزیر داخلہ امت شاہ کی ہدایت پر پیش کی گئی تھی۔CISF اُن خواتین کی پہلی پسند رہی ہے جو مرکزی مسلح پولیس فورس میں رہ کر ملک کی خدمت کرنا چاہتی ہیں۔ہمارے نامہ نگار نے بتایا کہ مہیلا بٹالین کے اضافے سے پورے ملک میں نوجوان

خواتین کی اِس سلسلے میں حوصلہ افزائی ہوگی کہ وہ CISF میں شامل ہوں اور ملک کی خدمت کریں۔CISF صدر دفتر نے جلد بھرتی تربیت اور نئی بٹالین کے صدر دفتر کیلئے ایک جگہ کے انتخاب کی تیاریاں شروع کردی ہیں۔x

## DRDO Missile

دفاعی تحقیق وترقی کی تنظیم DRDO نے آج اڈیشہ کے ساحل سے کچھ دور چاندی پور کی مربوط تجربے گاہ سے طویل دوری کا، زمین پر حملہ کرنے والے کروز میزائل کا پہلا تجربہ کیا ہے۔ تجربے کے دوران اِس میزائل کے سبھی ذیلی کُل پرزوں نے امید کے مطابق کارکردگی انجام دی اور مشن کے اصل مقاصد کو پورا کیا۔وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے DRDO، مسلح فوجوں اور اِس سے وابستہ صنعت کی ستائش کی، اِس پہلے تجربے کی کامیابی پر ستائش کی ہے۔ انھوں نے کہا کہ اِس سے مستقبل میں ملک ہی میں تیار کئے جانے والے کروز میزائل تیار کئے جانے کے پروگراموں کی راہ ہموار ہوئی ہے۔ طویل دوری کا زمین پر وار کرنے والا یہ کروز میزائل بینگلورو کے ایروناٹیکل ڈیولپمنٹ اسٹیبلشمنٹ نے تیار کیا ہے اور جس نے DRDO کی دیگر لیباریٹریز اور بھارتی صنعتوں نے تعاون دیا ہے۔x

## Rev. Pravasi Bhartiya Divas Convention

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جےَ شنکر نے آج کہا ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں بھارتی حکومت نے، بھارت کی بیرونِ ملک آبادی کی خوشحالی کو ہمیشہ ترجیح دی ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارتی افراد کا بیرونِ ملک سفر اُن کے، خود کو کسی بھی ماحول میں ڈھالنے، اختراع اور روحانیت کا ایک ثبوت ہے۔ وزیر خارجہ نے نئی دلّی میں 18ویں پرواسی بھارتیہ دِوَس کیلئے ویب سائٹ جاری کرتے ہوئے یہ اظہارِ رائے کیا۔ اُن کے ساتھ اڈیشہ کے وزیر اعلیٰ موہن چرن مانجھی بھی موجود تھے۔ پرواسی بھارتیہ دِوَس کنونشن، اڈیشہ کے شہر بھوبنیشور میں 8 سے 10 جنوری تک منعقد ہوگا۔

اس کا افتتاح وزیر اعظم نریندر مودی کریں گے اور صدر جمہوریہ دروپدی مرمو پرواسی بھارتیہ سمّان ایوارڈس عطا کریں گی۔ وہ اختتامی جلسے کی صدارت بھی کریں گی۔ 2025 کے PBD کنونشن کا عنوان ''ایک وکست بھارت میں بیرون ملک بھارتی آبادی کا تعاون''۔

پیش ہے ہماری نامہ نگار کی ایک رپورٹ.................

VC Suparna Saikia

پرواسی بھارتیہ دِوس PBD بھارت کی ترقی میں بیرون ملک آباد بھارتی برادری کے تعاون کے اعتراف میں ہر سال 9 جنوری کو منایا جاتا ہے۔1915 میں آج ہی کے دن مہاتما گاندھی جنوبی افریقہ سے بھارت واپس آئے تھے اور انھوں نے بھارت کی جدوجہد آزادی کی قیادت کی تھی جس کی وجہ سے بھارتی شہریوں کی زندگی میں ہمیشہ کیلئے تبدیلی آگئی تھی۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جےَ شنکر نے ویب سائٹ کا آغاز کرتے ہوئے اپنے کلیدی خطبے میں کہا کہ چونکہ بھارت کو آج عالمی سطح پر مختلف چیلنجوں کا سامنا ہے لہٰذا اِس کی بیرونِ ملک آباد برادری کی طاقت، ملک کو ایک طاقت بخشتی ہے۔ یہ طاقت اِن چیلنجوں سے بھرپور طریقے سے نمٹنے کیلئے ایک مضبوط بنیاد فراہم کرتی ہے۔

انھوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ یہ بیرون ملک بھارتی آبادی 2047 تک وکست بھارت بننے کی جانب بھارت

کی پیشرفت میں ایک اہم رول ادا کرتی رہے گی۔

S/B Jai Shankar

اس موقع پر اڈیشہ کے وزیر اعلیٰ موہن چرن مانجھی نے بتایا کہ تقریباً 7 ہزار مہمان اور مندوبین اگلے سال اِس کنونشن میں شرکت کریں گے۔ انھوں نے کہا کہ اِس باوقار تقریب سے اڈیشہ کو ایک اہم موقع فراہم ہوتا ہے کہ وہ اپنی میزبانی اور متحرک ثقافت کا مظاہرہ کرے۔ پرواسی بھارتیہ دِوَس کی ویب سائٹ کے آغاز کے ساتھ ہی PBD کنونشن 2025 میں شرکت کیلئے آن لائن رجسٹریشن کا بھی آغاز ہوگیا ہے۔

اِس ویب سائٹ سے اڈیشہ میں قیام کرنے کی ایک جگہ کے ریزرویشن میں سہولت ہوگی اور کنونشن کے بارے میں تفصیلات حاصل ہوں گی۔

سپرنا سائیکیہ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ..................

## Public Sector Banks

سرکاری شعبے کے بینکوں PSBs کی کارکردگی، 25-2024 کی پہلی ششماہی کے دوران مستحکم رہی۔ یہ کارکردگی سال بہ سال کی بنیاد پر گیارہ فیصد شرح ترقی پر رہی۔ مجموعی تجارت 236 لاکھ کروڑ روپئے سے زیادہ رہی۔

وزارت خزانہ نے بتایا کہ پچھلے کچھ سال میں بینکنگ کے شعبے میں بڑے پیمانے پر اصلاحات کی گئی ہیں، جن میں اشیا کی فراہمی اور خدمات کی، اور زیادہ بہتری پر عملدرآمد، نادہندگی اور دیوالیہ پن ضابطے نیز حکمرانی کے ایک بڑے فریم ورک کا نفاذ بھی شامل ہے۔وزارت نے مزید بتایا کہ اِن اقدامات کی وجہ سے بینکنگ شعبے کی مستقل مالی صحت اور مجموعی ترقی ہوئی، جس کی عکاسی PSBs کی رواں کارکردگی سے ہوتی ہے۔PSBs نے AI، کلاؤڈ اور بلاک چین جیسی نئے دور کی ٹیکنالوجیز اپنانے میں بھی اہم پیشرفت کی ہے نیز اُس نے سائبر سکیورٹی کو درپیش خطرات سے نمٹنے کیلئے ضروری طور طریقے اپنائے ہیں۔x

## CIP October

رواں مالی سال کے دوران، اکتوبر میں بھارت کی خردہ افراطِ زر بڑھ کر 6 فیصد سے زیادہ ہوگئی جو ستمبر کے مہینے میں پانچ اعشاریہ چار نو فیصد تھی۔ اعداد وشمار اور پروگرام پر عملدرآمد کی وزارت کی طرف سے جاری ڈیٹا کے مطابق دیہی علاقوں میں افراطِ زر چھ اعشاریہ چھ آٹھ فیصد رہی جبکہ شہری علاقوں میں یہ پانچ اعشاریہ چھ دو فیصد رہی۔اِسی دوران، صارفین کے، خوراک کی قیمت کے آل انڈیا انڈیکس پر مبنی اکتوبر 2024 کیلئے خوراک کی افراطِ زر، عارضی طور پر دس اعشاریہ آٹھ سات فیصد بتائی گئی ہے۔ دیہی اور شہری علاقوں کیلئے پچھلے سال اِسی مدت کے دوران، افراطِ زر کی شرح، دس اعشاریہ چھ نو فیصد اور گیارہ اعشاریہ صفر نو فیصد تھی۔وزارت کے مطابق اکتوبر میں خوراک کی زیادہ افراطِ زر کی وجہ سبزیوں، پھلوں اور تیل و گھی کی قیمتوں کی افراطِ زر میں اضافہ ہے۔بھارتی ریزرو بینک RBI کا مقصد افراطِ زر کو دو سے چھ فیصد کے درمیان رکھنا ہے اور اُس کا وسط مدتی نشانہ چار فیصد ہے۔x

## India Patents

بھارت نے دانشورانہ املاک کے عندیوں کی 2024 کی عالمی رپورٹ میں، Patents، ٹریڈمارکس اور صنعتی ڈیزائن کے میدان میں دس ملکوں میں مقام حاصل کرلیا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ بھارت نے اِن میدانوں میں خاطر خواہ ترقی کی ہے۔کامرس اور صنعت کی وزارت نے ایک بیان میں کہا کہ Patents کیلئے عالمی سطح پر بھارت کا مقام چھٹا ہے، جہاں اِس کیلئے 64 ہزار 480 درخواستیں داخل کی گئی ہیں، جن میں سے آدھی سے زیادہ درخواستیں ملک کے شہریوں کی ہی ہیں۔Patents دفتر نے 2023 میں، اِس سے پچھلے سال کے مقابلے، Patents کی مزید 149 اعشاریہ چار فیصد درخواستوں کو منظوری دی تھی جس سے ملک کے تیزی سے ابھرتے ہوئے IP ایکونظام کی عکاسی ہوتی ہے۔x

## Solar PV Exports Surge

شمسی Photovoltaic PV مصنوعات کی بھارت کی برآمدات میں پچھلے دو سال کے دوران 23 گنا اضافہ ہوا ہے اور یہ دو ارب امریکی ڈالر تک پہنچ گئی ہیں۔توانائی کی معیشت اور مالی تجزیے نیز JMK تحقیق و تجزیے کے ادارے کی ایک رپورٹ کے مطابق یہ ترقی مالی سال 2022 سے 2024کے درمین ہوئی ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اس سے بھارت میں، شمسی مصنوعات کے ایک خالص درآمد کار ملک سے، خالص برآمدکار ملک میں تبدیل ہونے کا پتہ چلتا ہے۔x

## Public Service Broadcasting Day

آکاشوانی بھوَن میں آج 2024 کا سرکاری نشریات کا دن منایا گیا۔ یہ دن 1947 میں مہاتما گاندھی کے پہلے براہِ راست نشریے کی یاد میں منایا جاتا ہے۔ یہ دن ملک بھر میں اطلاعات، تعلیم اور ثقافتی گوناگونیت کو فروغ دینے میں آکاشوانی کے اہم رول کو بھی اُجاگر کرنا ہے۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے پرسار بھارتی کے چیئرمین Navneet Kumar Sehgal نے قوم کے تئیں مہاتما گاندھی کی عہد بستگی کو اُجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ مہاتما گاندھی کا پیغام ہر شخص کو سب کی بھلائی کے بارے میں سوچنے کی ترغیب دیتا ہے۔

S/B Navneet Sehgal

آکاشوانی کی ڈائرکٹر جنرل ڈاکٹر پرگیہ پالی وال گوڑ، دوردرشن کی ڈائرکٹر جنرل کنچن پرساد اور دیگر سینئر افسران بھی اس پروگرام میں موجود تھے۔x

## Women Asian Hockey

خواتین کی ایشیائی ہاکی چمپئن ٹرافی میں بھارت نے، تین بار کی فاتح جنوبی کوریا کی ٹیم کو تین-دو سے ہرا دیا۔ یہ میچ آج بہار کے راجگیر ہاکی اسٹیڈیم میں کھیلا گیا۔Deepika Sehrawat نے ایک پینلٹی اِسٹروک کو اپنے دوسرے اور فیصلہ کن گول میں بدل دیا، جبکہ میچ ختم ہونے میں محض تین منٹ باقی رہ گئے تھے، پہلا گول میچ کے تیسرے منٹ سنگیتا کماری نے کیا تھا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆